جُوا پر پابندی کا قانون

(خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کاروائی کا طریقہء کار)

بحوالہ

جُوا پر پابندی کا قانون مجریہ 1977ء

تعزیراتِ پاکستان 1860ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانونؑ انصاف اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کے لئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

جُوا پر پابندی کا قانون

(خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کاروائی کا طریقۂ کار)

سوال 1۔ جُوا سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ کسی بھی قسم کے کھیل کے فیصلے سے متعلق شرط لگانا جُوا کہلاتا ہی جس میں جانوروں کی لڑائی اوران کی دوڑ بھی شامل ہے۔

سوال 2۔ کیا جُوا میں مدد فراہم کرنا بھی جرم ہے؟

جواب۔ جُوا کے فعل میں کسی طرح کی مدد کرنا قابل سزا جرم ہیٔ ایسا کرنے کی صورت میں 1 سال تک قید یا 1000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی دی جاسکتی ہیں۔ یہ جرم دوبارہ کرنے کی صورت میں مجرم کو 3 سال تک قیداور 2000 روپے جرمانہ تک کی اضافی سزادی جاسکتی ہے۔

سوال 3۔ اگر کوئی فرد جُوا کھیلنے والی جگہ سے گرفتار ہوتواس کو کیا سزادی جائے گی؟

جواب۔ جو بھی فرد ایسی جگہ سے گرفتار ہوا سے بھی جرم میں شریک تصور کیا جاتا ہۓ جب تک کہ وہ یہ ثابت نہ کردے کہ وہ اس میں ملوث نہیں ہے ٔ ایسی جگہ سے گرفتار شدہ فرد کو 1 سال تک قید یا 5000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی بھی دی جاسکتی ہیں۔ یہ جرم دوبارہ کرنے کی صورت میں مجرم کو 3 سال تک قید یا 2000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی بھی دی جاسکتی ہیں۔

سوال 4۔ سرعام جُوا کھیلنے کی کیا سزا ہے؟

جواب۔ جو فرد کسی عوامی جگہ مثلاً گلی یا راستے میں جُوا کھیلتے ہوئے پکڑا جائے اس کو 1 سال تک قید یا 5000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی بھی دی جاسکتی ہیں۔ یہ جرم دوبارہ کرنے کی صورت میں مجرم کو 3 سال تک قید 2000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی بھی دی جاسکتی ہیں۔

سوال 5۔ کیا انعامی سکیمیں بھی جُوا میں شامل ہیں؟

جواب۔ ایسی تمام انعامی سکیمیں جو وفاقی یا صوبائی حکومت کی باقاعدہ اجازت کے بغیر شروع کی جائیں تعزیراتِ پاکستان کے تحت غیر قانونی ہیں۔ تعزیراتِ پاکستان کے تحت ایسی کسی سکیم کو شروع کرنے یا اس میں حصہ لینے والے شخص کو 6 ماہ قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں اکٹھی بھی دی جاسکتی ہیں۔

سوال 6۔ جُوا کی روک تھام کے لئے انتظامیہ کو کیا اختیارات حاصل ہیں؟

جواب۔ ضلعی مجسٹریٹ ٔ درجہ اول مجسٹریٹ اور متعلقہ علاقے کی پولیس کے پاس یہ اختیارات ہیں کہ وہ جُوا کھیلنے کی اطلاع ملنے پر مذکورہ

جگہ پر بغیر اطلاع دیئے داخل ہو سکتے ہیں۔ متعلقہ افسر جُوا میں لگی رقم سمیت ایسی تمام اشیاء جو اس جرم کے لئے استعمال کی گئی ہوں' کو قبضہ میں لے کر وہاں موجود تمام افراد کو گرفتار بھی کر سکتا ہے۔

سوال 7۔ کیا غیر ملکی افراد پر بھی یہ قانون نافذ ہوتا ہے؟

جواب۔ ایسی جگہ جہاں غیر ملکی سیاحوں وغیرہ کے ٹھہرنے کا بندوبست ہو اور حکومت سے ایسے کام کے لئے اجازت نامہ بھی حاصل کیا گیا ہو وہاں کوئی کاروائی نہیں کی جا سکتی۔

سوال 8۔ جُوا پر پابندی کے قانون سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی جُوا پر پابندی کی قانون سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں:

(1) قانون و انصاف کمیشن' حکومتِ پاکستان' سپریم کورٹ بلڈنگ' اسلام آباد' فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416' ای میل ljcp@ljcp.gov.pk' ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس نمبر 1379 اسلام آباد' فون نمبر 111-739-739' ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) جُوا پر پابندی کا قانون 1977ئ۔

(5) تعزیراتِ پاکستان 1860ئ۔